سوال

(331) فرض نماز میں نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی سن کر درود بھیجنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

فرض نماز کھڑی ہو یا الگ کوئی سنتیں، نوافل وغیرہ ادا کر رہا ہو۔ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی سن کر کیا وہ اپنے دل میں درود پڑھ سکتا ہے یا نہیں۔ بعض امام صاحب ایسی آیات کی تلاوت کر دیتے ہیں جس میں آپ کا نام آتا ہو۔ دورانِ نماز آپ پر اس طرح سے درود پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت میں عمومِ اَحادیث کی بنا پر بحالت نماز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کا جواز ہے۔ اور اگر کوئی نہ پڑھے تو بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ اس میں اس حدیث پر عمل ہوجائے گا:

'لَا تَقرَءُوا بِشَیئٍ مِنَ القُرآنِ اِذَا جَهَرتُ اِلَّا بِاُمِّ القُرآنِ'

جب میں اونچی آواز سے تلاوت کروں تو سورئہ فاتحہ کے سوا کچھ نہ پڑھو۔ ''سنن اَبی داود، بابُ مَن تَرَکَ القِرَاءَةَ فِی صَلَاتِهِ بِفَاتِحَةِ الکِتَابِ، رقم: ۸۲۴

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 311

محدث فتویٰ